زبان میری ہے بات اُن کی

فریم عینکی

☆ پاکستانی حدود کی آئندہ خلاف ورزی نہیں ہوگی۔(امریکہ کی ضمانت)

''اور ڈرون حملے روزانہ ہوتے رہیں گے۔''

☆ سازشوں کے باوجود حکومت مدّت پوری کرے گی۔(فردوس عاشق اعوان)

نہیں! کرپشن کے باوجود حکومت مدّت پوری کرے گی۔

☆ بابر عوان کے عمرے کے لیے جانے پر شیطان نے احتجاج کیا۔(رانا ثناء اللہ)

کہ بیرون در چہ کردی؟ کہ درونِ خانہ آئی

☆ لوٹ مار میں اگر حکومت سیر ہے تو اپوزیشن سوا سیر ہے۔(شیخ رشید)

اور مشرف حکومت ڈیڑھ سیر تھی۔

☆ بھتہ خوروں کے صفایا تک کراچی میں امن نہیں ہوسکتا۔(منور حسن)

انہوں نے سرکار دربار میں ملازمت کرلی ہے سرکار!

☆ اعتزاز احسن ۲۰ کروڑ اور بابر اعوان ۲۶ کروڑ روپے کے مالک(ایک خبر)

غریبوں کی نمائندہ...... پی پی پی

☆ پاکستان کی سالمیت پر آنچ نہیں آنے دیں گے(فردوس عاشق اعوان)

ڈرون حملے......ایبٹ آباد حملہ......سلالہ چیک پوسٹ پر حملہ......''پاکستان کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے''

☆ پیٹرول مہنگا ہے تو عوام پیدل چلیں(راجہ پرویز اشرف)

ملامت بے شمار...... بیکار سرکار

☆ کرپشن جمہوریت کے لیے خطرہ ہے(بھارتی سپریم کورٹ)

اور اہلِ جمہوریت کرپشن کے بادشاہ ہیں۔

☆ حسین حقانی پر پابندی ختم ہونے پر خوشی ہے(امریکہ)

''ریمنڈ ڈیوس کی رہائی پر بھی ہمیں ایسی ہی خوشی ہوئی تھی''